04/03/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سیدمبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........مرکزی حکومت بھارت کو مختلف شعبوں میں خود انحصار بنانے کےلئے کام کر رہی ہے// وزیر اعظم نریندر مو دی۔

*........ اسمبلی میں لیفٹننٹ گورنر کے خطبے سے متعلق شکریہ کی تحریک پر بحث شروع// وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کے اقتصادی منظر مے کو دوام بخشنے کا دوہرایا عزم۔

*........جموں میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے کئی اہم شخصیات ملاقی// متعدد کتابوں کی رسم رونمائی دی انجام۔

اور

*........ خاتون جنت سیدۃ النساءحضرت فاطمتہ الزہرا ؓ کے یوم وصال کے سلسلے میں دینی مجالس کا انعقاد۔

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ حکومت بھارت کو خود انحصار بنانے کے نظریے کے ساتھ کام کر رہی ہے اور اس سلسلے میں اصلاحات کی رفتار بھی بڑھائی گئی ہے۔ مختلف شعبوں سے متعلق بجٹ کے بعد کے ویبناروں سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلے دس برسوں کے دوران ملک نے اصلاحات، مالی نظم و ضبط، شفافیت اور شمولیاتی ترقی کو یقینی بنانے کےلئے اختراعی کام کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے وزیر MSMEs کیا ہے۔ اقتصادی منظر نامے میں

اقتصادیات کو دوام بخشنے میں ایک مثبت رول ادا کر رہے MSMEs اعظم نے کہا کہ ہیں۔

وَنتارا

وزیر اعظم نریندر مو د ی نے جام نگر گجرات میں پروجیکٹ وَنتارا کا افتتاح کیا۔ 3ہزار5سو ایکڑ اراضی پر پھیلے دنیا کے اس سب سے بڑے ریسکیو سینٹر میں مختلف اقسام کے ڈیڑھ لاکھ سے زائد جانور رکھے گئے ہیں۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ انکی حکومت سیاحت اور پِلگر میج کے تمام وسائل کو بروئے کار لاکر جموں کے اقتصادی منظر نامے کو فروِغ دینے کی وعدہ بند ہے ۔ آج قانون ساز اسمبلی میں یودویر سیٹھی کے ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جموں کو ایک بڑے پِلگر میج سیاحتی سرکٹ کے طور پر ترقی دینے کےلئے بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دِینے کے ساتھ ساتھ دیگر اختراعی کام ہا تھ میں لئے جا رہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ سٹیٹ کیپکیس بجٹ اور سودیش درشن سکیم کے تحت متعدد پروجیکٹ عملائے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جموں سمارٹ سٹی لمیٹڈ بھی شہر کی جاذبیت بڑھانے کےلئے اقدامات کر رہی ہے۔

وقفہ سوالات

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ کپواڑہ ضلعے میں کیرن اور جمگنڈ علاقے کو جوڑنے کا معاملہ سڑک اور شاہراہوں کی مرکزی و زارت کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ وہ آج قانون ساز اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران میر سیف اللہ کی طرف سے پوچھے گئے ایک سوال کا جواب دے رہے تھے۔

زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار نے ایوان میں جسٹس حسنین مسعودی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ زعفران سے متعلق قومی مشن کے بہت نتائج سامنے آئے ہیں اور مشن کی بدولت 2ہزار 5 سو 48ہیکٹر اراضی کو آبپاشی کی سہولیات میسر ہو ئی ہے۔ ایم وائی تاریگامی، سنیل شرما اور ارجن سنگھ نے ضمنی سوال پوچھے۔

جل شکتی کے وزیر جا وید احمد رانا نے اسمبلی میں جانکاری دی کہ بانڈی پورہ حلقے میں مختلف واٹر سپلائی سکیموں پر ایک ارب32کروڑ روپے خرچ کئے جا چکے ہیں۔ وہ اسمبلی میں نظام الدین بٹ کی طرف سے پوچھے گئے سوال کا جواب دے رہے تھے۔ اس موقعے پر نذیر احمد گریزی، بلونت سنگھ منکوٹیا اور چودھری محمد اکرم نے ضمانت اُبھارے۔

شکریہ کی تحریک

دریں اثناءقانون ساز اسمبلی میں آج لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے خطبے سے متعلق شکریہ کی تحریک پر بحث شروع ہوئی۔ اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے ایل جی کے خطبے کو بحث کےلئے ایوان میں پیش کیا۔ بحث کےلئے تحریک مبارک گل نے پیش کی جبکہ غلام احمد میر نے اسکی تائید کی۔

شکریہ کی تحریک پر مبارک گل ، غلام احمد میر، شام لعل شرما، سجاد احمد شاہین، فاروق احمد شاہ اور ڈاکٹر رمیشور سنگھ نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

بی جے پی جمونو کشمیر کے ترجمان ڈاکٹر ابھیجیت جسروٹیہ نے آج جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ اس دوران انہوں نے قائیدانہ صلاحیت کے ساتھ عوام دوست پالیسیاں عملانے کےلئے ایل جی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے عوامی نوعیت کے متعدد معاملات خاص طور سے بلدیاتی اداروں اور پنچایتی راج اداروں کے انتخابات پر تبادلہ خیال کیا۔

Doyens of Dogri دریں اثناءمعروف صحافی اور ادیب او پی شرما نے ایل جی کو
نام کی ایک کتاب پیش کی۔ Literature

ایل جی منوج سنہا نے ڈاکٹر انیلا سنگھ چاڑک کی تصنیف کر دہ کتاب ”رشتوں کے بھیگے اخبار“کی رسم رونمائی بھی انجام دی۔

منوج سنہا نے اجے کھجوریہ کی تصنیف کر دہ کتاب

کی رسم رونمائی بھی انجام دی۔ Jammu-A land of Heritage and legends

رمضان

آج خاتون جنت سید ۃ النسا حضرت فاطمتہ الزہرا رضی اللہ عنہا کے یوم وصال کے سلسلے میں وادی کی مساجد، خانقاہوں ، زیارت گاہوں اور بقہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا انعقاد کیا گیا جس دوران علمائے کرام نے خاتون جنتؓ کی سیر ت

پاک اور انکے علمی، روحانی کمالات پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولانا ریاض احمد ہمدانی نے مسجد شریف زیارت سید کرم شاہ صاحب گول مارکیٹ کرن نگر میں فلسفہ رمضان پر روشنی ڈالی۔

اس دن کی مناسبت سے مسجد شریف زیارت مخدوم صاحب کے امام و خطیب مولانا محمد شفیع دلنوی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں-وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم نے کنوینر ساہتیہ اکیڈیمی نئی دلی اور کشمیر یونیورسٹی میں شعبہ کشمیری کے سابق سربراہ پروفیسر شاد رمضان کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

عالمی دن

آج انجینئر نگ کا عالمی دن ہے۔ آج کے دن دیر پا ترقیاتی اہداف حاصل کرنے میں انجینئرنگ کے رول کو اُجاگر کیا جاتا ہے۔ جمونو کشمیر پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں آفیسر آن سپیشل ڈیوٹی انجینئر سنجے شرما نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر DTH اور AIR خبریناآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن سکتے ہیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کسانوں، کارخانہ داروں اور دیہی تاجروں کو مالی سکیموں کے دائرے میں لانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وہ آج جموں میں یوٹی

سطح کی ایک کریڈٹ سمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقعے پر بینک نے مالی سال 2025-26 کےلئے 43 ہزار297کروڑ روپے کے کریڈٹ منصوبے کی عکاسی کی۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ ، نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پارٹی کے ایک سینئر لیڈر اور سونہ وار و حضرت بل حلقے کے سابق ایم ایل اے عبدالصمد تیلی کو انکی24ویں برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ ایک پریس بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ مرحوم نے ہمیشہ پچھڑے ہوئے لوگوں کی بہبودی کےلئے کام کیا۔

پولیس

پولیس کی طرف سے آج پولیس سٹیشن سمبل میں تین نئے فوجداری قوانین کے بارے میں ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ بڈگام اور ہندواڑہ میں بھی ان قوانین کے بارے میں جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا۔

گورنمنٹ بائز ہائر سکنڈر سکول کلوسابانڈی پورہ میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ایک مباحثے کا انعقاد کیا گیا۔

سیفٹی دن

آج پورے ملک میں نیشنل سیفٹی کا دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ہر برس نیشنل سیفٹی کونسل آف انڈیا کے یوم تاسیس کے سلسلے میں منایا جاتا ہے اور اس کابنیادی مقصد مختلف شعبوں میں حفاظتی اقدامات کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے تمام متعلقہ محکموں کو گلمرگ میں منعقد ہونے والی پانچویں کھیلو انڈیا وینٹر گیمز کےلئے تمام تیاریاں مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے مختلف محکموں کے ما بین قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ان کھیل مقابلوں کو کامیابی سے ہمکنار کرایا جا سکے۔

چیف الیکشن

چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے تمام چیف الیکٹورل آفیسروں ، ضلع چناؤ افسروں اور بوتھ لیول افسروں پر زور دیا ہے کہ وہ شفافیت کے ساتھ کام کر تے ہوئے اپنے فرائض انجام دیں۔ نئی دلی میں آج تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف الیکٹرورل افسروں کی دو روزہ کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ سیاسی جماعتوں کے تئیں متحرک رہیں۔

پنچایتی راج

پنچایتی راج کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ نے آج نئی دلی میں منتخب خواتین نمائندوں کی قومی کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں
آج10لاکھ40ہزار خواتین پنچایتی راج اداروں کے ساتھ جڑی ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے خواتین کو با اختیار بنانے کےلئے لکھپتی دیدی اور Namo ڈرون دیدی سکیمیں سمیت کئی سکیمیں شروع کی ہیں۔

کرکٹ

چمپئنز ٹرافی 2025کے پہلے سمی فائنل میں آج بھارت کا مقابلہ آسٹریلیا کے ساتھ ہو رہا ہے۔ دبئی میں کھیلے جا رہے اس میچ میں آسٹرلیا نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کر تے ہوئے 49.3 اورز میں264رن سکور کئے۔ سٹیو سمتھ نے73 بنائے جبکہ بھارت کی طرف سے محمد شمی نے3کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ آخری اطلاعات ملنے تک بھارت نے22 اورز اور4گیندوں میں114 رن بنائے تھے۔ جبکہ اسکے دو کھلاڑی آوٹ ہو گئے تھے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جمونکشمیرمیں اگلے24گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 12اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 2اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت9اعشاریہ4ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل اختتام سحری5بجکر33منٹ پر جبکہ افطاری کا وقت6بجکر33منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

....

....

....

....